© rasailojaraid.com



ادارہ

# ظلمت سے نور تک

## قادیانی کتابوں کے تاجر کے نواسے نے اسلام قبول کرلیا

عبدالکریم انور نے قادیانیت سے تائب ہوکر مولانا عبدالرحمٰن باوا سے فون پر رابطہ کر کے اسلام قبول کرنے کا اعلان کیا

قادیانیت جھوٹا مذہب ہے: ☆عبدالکریم انور

قادیانی خلیفہ مرزا مسرور سمیت تمام قادیانی اسلام قبول کرلیں: ☆عبدالرحمٰن باوا

لندن (۱۶رفروری) ختم نبوت اکیڈمی لندن کے ایک اعلامیہ کے مطابق جرمنی میں ۲۱ سال سے مقیم چناب نگر (سابقہ ربوہ) گول بازار کے رہائشی اور مشہور تاجران کتب قادیان کے مالک محمد یامین کا نواسہ پیدائشی قادیانی السید عبدالکریم انور نے قادیانیت سے تائب ہوکر اسلام قبول کرنے کا اعلان کر دیا ہے۔

عبدالکریم انور نے عالمی مبلغ ختم نبوت مولانا عبدالرحمٰن باوا سے بذریعہ فون رابطہ کر کے تفصیلی بات چیت کے بعد قبولِ اسلام کا اعلان کیا۔ انہوں نے دفتر ختم نبوت اکیڈمی لندن کو اپنا حلف نامہ اور ایک تحریری بیان ارسال کیا ہے، جس کے مطابق انہوں نے آنحضرت ﷺ کی ختم نبوت پر غیر مشروط طور پر ایمان لانے اور مرزا غلام احمد قادیانی کے بارے میں واضح اعلان کیا کہ وہ اپنے دعویٰ نبوت و رسالت میں جھوٹا تھا اور اس کے ماننے والے تمام قادیانی خواہ وہ لاہوری ہوں یا قادیانی جو اپنے آپ کو احمدی کہتے ہیں، دائرہ اسلام سے خارج ہیں اور یہ کہ اب ان کا قادیانی جماعت سے کوئی تعلق نہیں۔

انہوں نے اس بات کا اعلان بھی کیا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام قرب قیامت میں آسمان سے نازل ہوں گے۔ انہوں نے قادیانی جماعت پر کڑی تنقید کی کہ قادیانی جماعت کے اکثر بیانات جھوٹ پر مبنی ہیں۔ اس کی مثال دیتے ہوئے کہا کہ مرزا طاہر نے دعویٰ کیا تھا کہ میں نے اس وقت تک ۲۰ کروڑ نئے قادیانی بنا لیے ہیں اور پھر ٹی وی پر خطاب کرتے ہوئے قادیانیوں سے مطالبہ کیا کہ تم سب مل کر تمام دنیا میں ریت کے ذرے کی طرح کب تک قادیانی بناؤ گے۔ انہوں نے کہا کہ میرے گھر چندے کی غرض سے آنے والے علاقے کے صدر اور قادیانی سے میں نے سوال کیا کہ کیا تم بتا سکتے ہو کہ دنیا میں ۲۰ کروڑ قادیانی کہاں ہیں؟

© rasailojaraid.com